☆☆☆☆☆

قارئین کے خطوط بنام ادارہ

ترتیب ادارہ

(۱) از ڈاکٹر فرید احمد پراچہ۔ (ممبر قومی اسمبلی۔ کراچی)

محترم المقام مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ و برکاتہ!

انتہائی شکر گزار ہوں کہ آپ نے ''المباحث الاسلامیہ'' کا مجلّہ مرحمت فرمایا یہ فی الواقع ایک گراں قدر تحقیقی مجلّہ ہے۔ جس میں جدید مسائل کے فقہی حل کی بھرپور کاوش کی گئی ہے۔ مجلّہ کی طباعت اور مضامین کی ترتیب بھی دلآویز ہے۔ دعا ہے کہ اللہ کریم اس کاوش کو قبول فرمائیں اور آپ کے ساتھیوں کو اجر عظیم سے نوازے۔ آمین۔

والسلام۔

(۲) از مولانا مفتی محمد طاہر مسعود (مفتی و رئیس جامعہ مفتاح العلوم سرگودہا)

محترمی و مکرمی جناب مدیر سہ ماہی المباحث الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ و برکاتہ!

امید ہے کہ مزاج گرامی باعافیت ہونگی۔

اس پرفتن دور میں آپ کا مؤقر جریدہ دینی روح اور اسلامی شعائر کے تحفظ میں میڈیا وار کے اعتبار سے ماشاء اللہ نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ حق تعالیٰ اخلاص و قبولیت سے دن دگنی رات چوگنی ترقی نصیب فرمائیں۔ اپنے ادارہ جامعہ مفتاح العلوم سرگودھا کے لئے آپ کے مؤقرہ رسالہ کا اجراء کروانا چاہتے ہیں، اس سلسلہ میں آنجناب سے گذارش ہے۔ کہ نمونہ کی ایک کاپی کے ساتھ ترسیل زر وغیرہ کی تفصیلات سے آگاہ فرمائیں، تاکہ ہم یہ سلسلہ جلد ہی شروع کرسکیں،۔

علاوہ ازیں آپ کے رسالہ کی ابتک شائع شدہ خصوصی اشاعتوں کی تفصیلات کیا ہیں؟ ان کی دستیابی کے ذرائع کون سے ہوں گے؟ امید ہے۔ کہ پہلی فرصت ہی میں آپ جواب سے نوازیں گے۔

(۳) مہتاب الدین حلیمی معلم عربی گاؤں وڈاکخانہ عمر خیل تحصیل وضلع ٹانک۔

محترم المقام واجب الاحترام جناب مولانا صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ و برکاتہ!

سلام مسنون کے بعد اُمید ہے مزاج اقدس بخیر ہونگے۔ عرض یہ ہے کہ بہت عرصہ سے دلی خواہش رکھتا ہوں۔ کہ بذریعہ خط